www.emarsiya.com



www.emarsiya.com



[illegible]

ہر دم صدا یہ تھی شہ والا اب آئیے
رخصت ہو اس غلام کی آقا اب آئیے

[illegible]

آنکھیں تو دونو بند تھیں سر بھی جھکا لیا
کروٹ بدل کے ریت میں منھ کو چھپا لیا

[illegible]

سرزد ہوا مر غیر وفا کا مجال ہے
آقا سے ہو غلام خفا کیا مجال ہے

[illegible]

ہاتھوں کے صدقے اس تن صد پاش کے نثار
او میرے نوجوان میں تری لاش کے نثار

[illegible]

عاشق سے اپنے وقت جدائی خفا ہوئے
ہم دیر میں جو آئے تو بھائی خفا ہوئے

[illegible]

بازو کٹا لیے نہر پہ پانی کے واسطے
منھ کو چھپا لیا اوسی پانی کے واسطے

[illegible]

ہاتھوں سے کھو کے پھر تمھیں پانا محال ہے
جاتے ہو واں جہاں سے پھر آنا محال ہے

[illegible]

ریتی میں ہر جگہ پہ قدم لڑکھڑائے ہیں
شیر خدا سنبھالے ہوئے ہمکو لائے ہیں

[illegible]

روئے گی خلق تیری جوانی کے واسطے
کھو بیٹھے ہاتھ سر پہ پانی کے واسطے

www.emarsiya.com



[illegible]

منھ تکتے تکتے شہ کا بصد یاس مر گئے
آنکھیں پھرا کے حضرت عباس مر گئے

[illegible]

دریا سے پھر کے خیر سے عمو جو آئینگے
پہلے سبھوں سے ہم تمھیں پانی پلائینگے

[illegible]

عمو کو میرے سر کی قسم دیکے آئیو
بابا تم اپنے ساتھ اونھیں لیکے آئیو

[illegible]

بھائی زوال بھائی کی طاقت پہ آگیا
تم کیا گئے کہ زیست کا میری مزا گیا

[illegible]

راحت ہو گر یہیں تن بے سر ہو خاک پر
دو بھائیوں کی لاش برابر ہو خاک پر

[illegible]

اندھیر ہے جہان مجھے کچھ سوجھتا نہیں
مشک و علم تو آتا ہے میرے چچا نہیں

[illegible]

تیغوں میں اب سپر نہیں بھائی کے ہوتے ہو
بازو کٹائے شیر سے دریا پہ سوتے ہو

[illegible]

تیرے سبب سے یا سے دولت ہوئی نصیب
عزت ہوئی نصیب شہادت ہوئی نصیب

[illegible]

چھوٹے سے ہاتھ رکھ کے دل دردناک پر
دے مارا سر کو بالی سکینہ نے خاک پر

www.emarsiya.com



ماتم میں اب ہمارے کوئی دم کو رو دیو
سب ملکے اونکو رو لو تو پھر ہمکو رو دیو

ہی ہی علی کا نور نظر مجھ سے چھٹ گیا
میں رانڈ ہو گئی مرا اقبال لٹ گیا

بھائی کے غم میں لال مرا درد مند ہی
اب صبر کر کہ صبر خدا کو پسند ہی

فریاد ہی حسینوں نے ہمپر ستم کیا
تینوں سے سر و باغ علی کو قلم کیا

کس جا ہو تم سکینہ ہمھیں یاد کرتی ہیں
جلد آؤ بابا جان کہ اماں بھی مرتی ہیں

حسن جو ہیں مرے انھیں آباد و شاد رکھ
اور اونکے دشمنوں کو صدا ناشاد رکھ

ٹکڑے ہوا سکینہ کا دل چھاتی پھٹ گئی
چھاتی سے ننھے ہاتھ علی سے لپٹ گئی

وارث نہو تو جی سے گذرنا ہی خوب ہی
مرنے دو مجکو رانڈ کا مرنا ہی خوب ہی